www.jang.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

THE DAILY JANG RAWALPINDI

روزنامہ جنگ راولپنڈی

بانی..... میر خلیل الرحمٰن

رجسٹرڈ نمبر NPR-002

فون 5962449، 5962444، فیکس 5962277

صفحات 8 قیمت 30 روپے

LOCAL EDITION WEDNESDAY APRIL 09, 2025

جلد 67 بدھ 10 شوال المکرم 1446ھ 9 اپریل 2025ء 27 چیت 2081ب نمبر 97

اسلام آباد: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی اداروں کیخلاف شکایات میں نمایاں اضافہ، 93 فیصد پر فیصلے ہوئے، وفاقی محتسب

60 فیصد بجلی، گیس محکموں کی تھیں، انفراسٹریکچر اور دور دراز علاقوں میں نئے دفاتر کھول رہے ہیں، اعجاز قریشی

اسلام آباد (طاہر خلیل) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے لوگوں کی سہولت کے لئے دور دراز علاقوں میں نئے علاقائی دفاتر قائم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی اداروں کیخلاف شکایات میں نمایاں اضافہ، 93 فیصد پر

باقی صفحہ 6 نمبر 42

بقیہ وفاقی محتسب 42

فیصلے ہوئے 60 فیصد بجلی، گیس محکموں کی تھیں، انفراسٹریکچر اور دور دراز علاقوں میں نئے دفاتر کھول رہے ہیں جلد ڈیرہ غازی خان اور ملک کے دیگر علاقوں میں علاقائی دفاتر قائم کئے جائیں گے تاکہ شکایت کنندگان کو ان کے گھر کے قریب انصاف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ 2024ء کا سال اس حوالے سے انتہائی اہم اور یادگار رہا کہ اس سال ریکارڈ شکایات آئیں اور ریکارڈ فیصلے کئے گئے۔ گزشتہ برس دولاکھ 26 ہزار 372 شکایات آئیں اور دولاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ شکایات اور فیصلوں میں سال 2023ء کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا جبکہ عملدرآمد کی شرح سال 2023ء میں 85.70 فیصد تھی۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار میڈیا کے نمائندوں کے ساتھ ایک غیر رسمی ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ملک بھر میں 126 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں۔ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے سرکاری محکموں کے 79 دورے کئے۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ سب سے زیادہ شکایات بجلی و گیس محکموں سے متعلق ہیں جو 60 فیصد ہیں، لوگوں کو بجلی و گیس بلوں میں یکا یک اضافے کی شکایات ہیں، بڑھتی شکایات کے ازالے کیلئے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا انفراسٹرکچر بہتر بنایا جارہا ہے۔ وفاقی سیکرٹری محتسب سیکرٹریٹ علی طاہر نے کہا کہ سب سے بڑا چیلنج وفاقی اداروں سے متعلق شکایات میں اضافہ ہے، اس کے ساتھ ہم نے لوگوں کو ریلیف دینے میں بھی تیزی دکھائی، 94 فیصد شکایات کے فیصلے ہوئے کہ صرف ایک فیصد شکایات پر محتسب فیصلے کے خلاف ایوان صدر کو اپیلیں کیں لیکن بیشتر اپیلوں میں صدر نے ہمارے فیصلوں کو برقرار رکھتے ہوئے لوگوں کو ریلیف دیا۔

اسلام آباد، شیخوپورہ، ساہیوال اور فیصل آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا معتبر مستند اخبار ABC باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ سٹی پیپر

اسلام آباد / فیصل آباد

ایڈیٹر ناصر علی ملک

CPL # 70

جلد نمبر 18 | بدھ 9 اپریل 2025، 10 شوال 1446ھ، 26 چیت 2077 بکرمی | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 74

سال 2024ء کے دوران ریکارڈ شکایات آئیں ریکارڈ فیصلے کئے

دولاکھ 23ہزار سے زائد فیصلوں میں سے 93فیصد پر عملدرآمد بھی ہو گیا

رواں برس کے دوران ڈیرہ غازی خان سمیت دور دراز علاقوں میں نئے دفاتر کھولے جائیں گے

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے عوام الناس کی سہولت کے لئے دور دراز علاقوں میں نئے علاقائی دفاتر قائم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جلد ڈیرہ غازی خان اور ملک کے دیگر دور دراز علاقوں میں علاقائی دفاتر قائم کئے جائیں گے تاکہ شکایت کنندگان کو ان کے گھر کے قریب انصاف مل سکے۔انہوں نے کہا کہ 2024ء کا سال اس حوالے سے انتہائی اہم اور یادگار رہا کہ اس سال ریکارڈ شکایات آئیں اور ریکارڈ فیصلے کئے گئے۔گزشتہ برس دولاکھ 26ہزار 372شکایات آئیں اور دولاکھ 23ہزار 198شکایات کے فیصلے کئے گئے ۔ شکایات اور فیصلوں میں سال2023ء کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصداور 16فیصد اضافہ ہوا۔انہوں نے بتایا کہ 93.21فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا جبکہ عملدرآمد کی شرح سال2023ء میں 85.70 فیصد تھی۔وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں میڈیا کے نمائندوں کے ساتھ ایک غیر رسمی ملاقات کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ملک بھر میں126 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں۔ اوسی آر پروگرام کے تحت 171دوروں کے دوران 4840شکایات نمٹائی گئیں، جب کہ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے سرکاری محکموں کے 79دورے کئے۔مظفرآباد، آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور ساہیوال میں حال ہی میں نئے دفاتر کے قیام کے بعد یہ ادارہ اب ملک بھر کے 25شہروں میں موجود ہے۔عنقریب ڈیرہ غازی خان میں بھی علاقائی دفتر قائم کیا جا رہا ہے۔ وفاقی محتسب کے اہم اقدامات میں شکایات کے اندراج اور زوم لنک نیز وٹس ایپ کے ذریعے سماعت میں شمولیت کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا استعمال بھی شامل ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے مزید کہا کہ یہ ادارہ حقیقی معنوں میں غریب آدمی کی عدالت ہے جو بڑی تعداد میں شکایت کنندگان کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کر رہا ہے۔انہوں نے سمندر پار پاکستانیوں کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ سال 2024ء کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں کی 151897شکایات موصول ہوئیں۔پاکستان کے بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر قائم کردہ یکجا سہولیاتی ڈیسکوں کے ذریعے 111184شکایت کنندگان کو سہولیات فراہم کی گئیں۔ بیرون ملک پاکستانی مشنز کو 38592جبکہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں قائم کردہ بیرون ملک پاکستانیوں کے گریوینس کمشنر آفس کو 2121شکایات موصول ہوئیں۔وفاقی محتسب نے بتایا کہ بچوں کے مسائل کے حل اور ان کی شکایات کے ازالے کے لئے ایک ہمہ وقتی شکایات کمشنر برائے اطفال کام کر رہا ہے جس کا دفتر بھی اسی بلڈنگ میں موجود ہے۔انہوں نے بتایا کہ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح کے لئے ہم 80ریسرچ رپورٹیں تیار کر کے متعلقہ اداروں کو بھجوا چکے ہیں۔انہوں نے وفاقی محتسب کے بین الاقوامی کردار کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے صدر کی حیثیت سے وہ محتسب کے تصور کو ایشیاء اور دنیا بھر میں عام کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔

اسلام آباد۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی میڈیا کے نمائندگان کے ساتھ غیر رسمی ملاقات کے دوران خطاب کر رہے ہیں